© rasailojaraid.com



صرف اُن پاکیزہ افسانوں اور ایسے عمدہ مضامین کو جگہ دی جائیگی جو صحیح معنی میں عورتوں کے لیے مفید ثابت ہو سکیں اور جن کا مقصد تباہ کن بیداری پیدا کرنا نہ ہو بحیثیت مجموعی یہ رسالہ کامیاب ہے۔ (م ح)

# اخبارات

**احسان٭ سہارنپور** | زیر ادارت مولوی سید احمد صاحب دیوبندی صفحات ۱۰ سفید چکنا کاغذ۔ کتابت اور طباعت نہایت عمدہ قیمت سالانہ ۔۔۔ فی پرچہ ۱؍ دفتر اخبار احرار سہارنپور سے طلب فرمائیے

یہ ایک سنجیدہ اور علمی سہ روزہ اخبار ہے اور صحافت کے اس بدنام دور میں ملک و ملت کی صحیح اور بہترین خدمات انجام دے رہا ہے، لیڈنگ آرٹکل اور بعض مستقل عنوانات کے ذیل میں وقت کے ضروری مباحث پر سنجیدگی اور اصابت رائے کے ساتھ روشنی ڈالی جاتی ہے "تراجم خصوصی" کے ذیل میں پُراز معلومات مقالے شائع ہوتے ہیں اور یہ اس اخبار کی ایک امتیازی خصوصیت ہے، خبروں کی فراہمی کی رفتار البتہ کسی حد تک کمزور ہے لیکن اس کے پرجوش و باہمت کارکنان کی طرف سے یقین ہے کہ ان کی مساعی پیہم بہت جلد اس خامی کو دور کرنے میں کامیاب ہونگی۔ ہم اخبار بیں حضرات سے پُر زور اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس کی توسیع اشاعت میں زیادہ سے زیادہ حصہ لیں، تاکہ یہ اخبار اپنی خدمات کو پورے استقلال و کامیابی کے ساتھ جاری رکھ سکے۔

**"الہلال" پٹنہ** | ایڈیٹر: ذکریا فاطمی صاحب، صفحات ۶ کتابت اور طباعت بہتر، قیمت سالانہ عہ؍ فی پرچہ ۱؍ دفتر اخبار الہلال پٹنہ سے طلب کیجیے۔

یہ اخبار ہفتہ وار ہے اور جمعیۃ العلماء صوبہ بہار کا ترجمان ہے۔ اس کے افتتاحیہ مقالات میں حالات حاضرہ پر روشنی ڈالی جاتی ہے اور اُن پر متین و سنجیدہ تبصرہ کیا جاتا ہے۔ خبروں کا حصہ بہت کافی ہوتا ہے جن میں ہفتہ بھر کی تمام ضروری باتیں مختصر مختصر شائع کردی جاتی ہیں مجموعی حیثیت



© rasailojaraid.com